Dr
Muhammad Adnan Aziz
Specialist
Jamia Darululoom Karachi
Ph.D. In Islamic Finance

ڈاکٹر
محمد عدنان عزیز
متخصص جامعہ دارالعلوم کراچی
پی ایچ ڈی ان اسلامک فائنانس

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمده ونصلى على رسوله الكريم

Date :12-Feb-26

شریعہ سرٹیفکٹ 2025 بیت السکون کینسر ہسپتال اینڈ ھاسپس، کراچی

زیر انتظام بیت السکون ٹرسٹ

(بیت السکون کینسر ہسپتال اینڈ ھاسپس کو زکوٰۃ وعطیات دینے کا شرعی حکم)

ادارہ کا تعارف

بیت السکون کینسر ہسپتال اینڈ ھاسپس ایک رفاہی ادارہ ہے، جو کینسر کے مریضوں کے علاج و معالجہ کے حوالے سے کئی عشروں سے خدمات انجام دے رہا ہے، ہسپتال میں مستحق وغیر مستحق مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے، اور مستحقِ زکوۃ مریضوں کو زکوۃ فنڈ سے اور غیر مستحق مریضوں کو غیر زکوۃ فنڈ سے علاج کی مد میں اعانت کی جاتی ہے۔

ادارہ کے زکوۃ وعطیات خرچ کرنے کا طریقہ کار

مؤرخہ 6 فروری 2026 کو ہسپتال کے زکوٰۃ وصدقات کے شریعہ آڈٹ کرنے کا موقع ملا، جس میں ادارہ کے سال 25-2024 کے مالیات کا جائزہ لیا گیا، شریعہ آڈٹ کے دوران ہسپتال کے شریعہ ایڈوائزر اور ویلفیر آفیسر اور دیگر متعلقہ ذمہ داران سے ملاقات ہوئی، ہسپتال سے علاج معالجہ اور دیگر متعلقہ خدمات سے استفادہ کیلئے رجوع کرنے والے مستحق مریضوں کیلئے زکوٰۃ، صدقات اور عطیات کی وصولی، اس کے محفوظ کرنے اور شرعی اصولوں کے مطابق خرچ کرنے کے نظام کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی اور متعلقہ دستاویزات کا جائزہ لیا۔

بیت السکون کینسر ہسپتال اینڈ ھاسپس کی مالی ضروریات اور خدمات زکوٰۃ اور عطیات کی رقم سے پوری کی جاتی ہیں، جس کا طریقہ کار یہ ہے کہ ادارہ میں آنے والے مستحق افراد سے ادارہ کے نمائندے باقاعدہ جائزہ فارم کے ذریعے اس کی مالی حیثیت معلوم کرتے ہیں، اگر وہ مستحقِ زکوۃ ہو تو باقاعدہ تحریری طور پر وکالت نامہ کے ذریعے اس مستحق سے ادارہ کے لئے زکوٰۃ وصول کرنے اور اسے شرعی طریقہ کار کے مطابق بیت السکون کینسر ہسپتال اینڈ ھاسپس میں مستحقِ زکوۃ افراد کے علاج ومعالجہ اور دیگر ضروریات میں ہونے والے اخراجات میں خرچ کرنے کی اجازت لی جاتی ہے، اور اسی وکالت کے طریقہ کار کے مطابق ادارہ کو حاصل ہونے والی زکوٰۃ کو طے شدہ مدات میں انتہائی احتیاط سے خرچ کیا جاتا ہے۔

ہسپتال کو زکوٰۃ وغیرہ دینے کا شرعی حکم

بیت السکون کینسر ہسپتال اینڈ ھاسپس کے زکوٰۃ وصول کرنے اور خرچ کرنے کے معاملات الحمدللہ شریعہ ایڈوائزر حضرات کی زیرِ نگرانی انجام پاتے ہیں، شریعہ ایڈوائزر حضرات ادارہ کے امور کا غیر جانبدار جائزہ لیتے ہیں، اور ان کی منظوری کے بعد ہی ادارہ زکوٰۃ کی رقم استعمال کر سکتا ہے چنانچہ ہم تصدیق کرتے ہیں کہ ادارہ کے معاملات شریعت کے مطابق ہیں، اور تاحال معاملات شرعی اصولوں کے مطابق انجام دیئے جا رہے ہیں، لہٰذا جو لوگ بیت السکون کینسر ہسپتال اینڈ ھاسپس کو زکوٰۃ دیں گے ان کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ بیت السکون کینسر ہسپتال اینڈ ھاسپس کی انتظامیہ کو بہترین بدلہ عطاء فرمائیں اور ان کی خدمات کو قبول فرمائیں۔ آمین۔

ڈاکٹر مفتی محمد عدنان عزیز
شریعہ آڈیٹر

نوٹ: یہ آڈٹ رپورٹ جولائی 2024 سے جون 2025 کی ہے۔

Email: Adnanaziz313@gmail.com Cell: 92-321-2157557